© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعۃ

محمد ایوب غلام

22-0202 قربانی کے جانور جامعہ کی وساطت سے تقسیم کیے گئے۔

02-03-02 پہلی بار موسم سرما کے سالانہ تعطیلات کے بعد نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوا۔

04-03-02 قسم تحفیظ القرآن الکریم بنین گروپ اور ابتدائیہ کے جملہ طلباء کو گھر بی کھور سے یونیورسٹی کی نئی عمارت میں منتقل کیا گیا۔

15-03-02 جامع الجامعہ میں اساتذہ وطلباء نے ممتاز عالم دین الشیخ محمد مدنی مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی۔

20-03-02 مولانا عبدالرشید انصاری کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی، مرحوم جمعیت اہلحدیث کے مخلص کارکن اور مجلہ التراث کے مضمون نگار تھے۔

30-03-02 بیت الزکاۃ کویت کے زیر اہتمام بلتستان کی سطح پر حفظ قرآن پاک کا مقابلہ ہوا، جس میں 35 طلباء وطالبات شریک ہوئیں۔ منصفی کے فرائض الشیخ حافظ سلیم اللہ عابد، الشیخ محمود اسمعیل اور الشیخ حافظ اسمعیل امین نے سرانجام دیے۔

01-04-02 تقریب تقسیم اسناد وانعامات مقابلہ حفظ القرآن الکریم کے سلسلے میں کلیۃ الحدیث للبنین اور کلیۃ الدراسات للبنات میں دو پروقار تقریبات ہوئیں۔ جس میں اساتذہ کرام معلمات اور طلباء وطالبات کے علاوہ حفاظ کے والدین بھی شریک ہوئے۔ قسم البنین سے حافظ عمران یوسف نے اول حافظ احمد علی نے دوم حافظ عبدالحمید نے سوم پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ قسم البنات سے حافظہ خدیجہ عبدالرحمن نے اول، حافظہ شاہدہ حنیف نے دوم حافظہ عائشہ عبدالحمید نے سوم پوزیشن حاصل کی۔ انہیں بترتیب 5000، 4000، 3000 روپے نقد انعامات دیے گئے۔ جبکہ اچھے نمبر لینے والے دس دس طلباء کو دو دو ہزار روپے انعام دیا گیا۔ دیگر شرکاء مقابلہ کو فی کس 800 روپے انعام دیا گیا۔

جناب رئیس مجلس العمل و جناب مدیر عام نے خطاب کرتے ہوئے اس پروگرام پر انتظامیہ اور بیت الزکاۃ کویت کا شکریہ ادا کیا اور جملہ شرکاء کو خراج تحسین پیش کیا اور اسے وقت کی اہم ضرورت قرار دیا، تاکہ بچے حفظ قرآن کریم کی طرف خوب رغبت کریں۔

06-04-02 جمعیت طلباء جامعہ کے انتخابات کرائے گئے۔ جمعیت کا امیر ثناء اللہ احقر مہدی اور سکیرٹری ثناء اللہ باقر منتخب ہوئے۔

17-04-02 جمعیت طلباء کا افتتاحی اجلاس منعقد ہوا چیدہ چیدہ اساتذہ کرام اور طلباء نے تقاریر کیں۔

11-04-02 3/کلیۃ کے ہونہار طالب علم **ذوالنورین عبداللہ** نے وفاق المدارس السلفیۃ کے مرحلہ عالیہ (B.A) میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ Holyday Inn اسلام آباد میں ایک پروقار تقریب میں مذہبی امور کے وفاقی وزیر جناب ڈاکٹر محمود غازی نے امتیازی نمبر لینے والوں میں انعامات تقسیم کیے۔

07-06-02 بجلی گھر غواڑی کا کامیاب ٹیسٹ کیا گیا جو کہ جامعہ کی وساطت سے بیت الزکاۃ کویت کے فنڈ پر تعمیر کیا گیا ہے۔

08-06-02 تعمیر دار الایتام کی رسم افتتاح منعقد ہوئی۔

16-06-02 الاثر پبلک سکول میں اساتذہ کی بھرتی کیلئے ٹیسٹ وانٹرویو لیا گیا۔

17-06-02 ڈپٹی چیف ایگزیکٹو شمالی علاقہ جات حاجی فدا محمد ناشاد، قانون ساز کونسل کے ارکان غلام علی حیدری محمد اسماعیل مشیر اور محمد جعفر نے فارم وغیرہ کا دورہ کیا۔ انکے ہمراہ ضلع گنگھے کے افسران بالا بھی تھے۔

20-06-02 صندوق البر کے ذریعے فقراء و مستحقین میں سلائی مشینیں تقسیم کی گئیں۔

جامعہ کے محسن میاں فضل حق مرحوم کے فرزند ارجمند جناب میاں نعیم الرحمن طاہر صاحب بمع فیملی کے تشریف لائے۔ مہمانان گرامی کے اعزاز میں دو پروقار جلسوں کا اہتمام کیا گیا۔ بعدازاں مہمانان گرامی نے جامعہ کے تعلیمی وتعمیراتی پروگراموں کا معائنہ کیا اور اپنے خرچ پر قائم شدہ سعدیہ دستکاری سکول غواڑی کا جائزہ لیا پچھلے سال کے کورس مکمل کرنے والیوں میں اسناد تقسیم کیں۔ اور اطمینان کا اظہار کیا۔

© rasailojaraid.com